سوال

(257) نماز میں تشہد اولیٰ میں دُرود شریف واجب ہے یا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں تشہد اولیٰ میں دُرود شریف واجب ہے ، یا غیر واجب ۔ جو امام یا مقتدی قصداً پہلے تشہد میں دُرود نہ پڑھے تو نماز ہوجائے گی ؟ (محمد یوسف ڈوگر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ کا حکم ہے : { صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا } سلام تشہد ہے اور صلاۃ درود ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے دونوں کا حکم دیا ہے ۔ کتاب وسنت سے پہلے قعدہ میں دُرود کا نہ پڑھنا ثابت نہیں ۔ آیت کریمہ اور احادیث کا تقاضا یہی ہے کہ تشہد سلام کے ساتھ صلاۃ دُرود بھی ہو ۔ دیکھئے نماز کے علاوہ مختصر سلام کے ساتھ بھی صلاۃ ہے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ ۱ ، ۱۴۲۳ھ

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04